گاؤں کے لوگوں کو اب شہروں جیسی سہولیات

آنگن باڑی مرکز کی افتتاحی تقریب سے وزیر شرون کمار کا خطاب

بہار شریف:(ایس ایم عالم/ ایس این بی) بہار حکومت کے دیہی ترقیاتی محکمہ کے وزیر و جے ڈی یو کے قدآور لیڈر شرون کمار نے کہا کہ بہار کی گاؤں اب شہر سے خوبصورت بن رہا ہے۔ گاؤں کے لوگوں کو اب شہروں جیسی سہولیات مل رہی ہے یہ سب بہار میں وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی سوچ اور محنت سے ممکن ہوا ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار بہار کی مسلسل ترقی کے لئے کوشاں ہیں، وہ بہار کے وشوکرما کے نام سے جانے جاتے ہیں یہ باتیں وزیر شرون کمار نے نورسرائے بلاک کے کندی گاؤں میں منریگا اسکیم سے بنے 19لاکھ 77 ہزار کی لاگت سے بنے آنگن باڑی کے افتتاح کے دوران کہیں۔ وہیں انہوں نے کہا کہ بہار کی ڈبل انجن کی حکومت سے ترقی کی رفتار میں تیزی آئے گی۔ کسانوں کو آبپاشی کیلئے بجلی کا نظام فراہم کیا جارہا ہے۔ تاکہ کسانوں کو وقت سے بجلی مل سکے اور آبپاشی کرنے میں سہولیت ہو سکے و ہیں اس موقع پر جے ڈی یو کے سینئر لیڈر راجندر پرساد نے کہا کہ بہار میں ڈبل انجن کی حکومت میں تی توانائی سے کا مبھوا ہے۔ بہار میں جو ترقی کا کام ہوا ہے اس کی نقل دوسرے ریاست میں ہورہا ہے۔ اس موقع پر جے ڈی یو بلاک صدر سونی لال، نیشنل پال کا رعف چھوٹے مہتو، جے ڈی یو لیڈر سدھیر کمار، منریگا افسر آشوتوش شمار، شلندر چوہان، نائب پرکھ اونیش کمار نیرالہ، سابق کھیا سوکھیا، دوارہ پنچایت کے سرپنچ پپو مہتو، منشو مہتو، شلندر گرنائی، جنارون چندر ٹوئی، بندی یادو، جے ڈی یو کے دوارہ پنچایت کے پنچایت صدر راج نندن پرساد، دوارہ پنچایت کے کھیا سونو سلطان، گنوری پرساد، بھیجو کمار، شیام سندر کمار، تجو مہتو، ارمند پانڈے، نوئیت کمار وغیرہ لوگ شامل تھے۔

چھاپہ ماری میں دیسی کارباٹن، میگزین اور 2 زندہ کارتوس برآمد

مجرمانہ واردات کا منصوبہ ناکام، خونخوار جرائم پیشہ سوربھ پولیس کو چکمہ دے کر فرار

بیگوسرائے(محمد عارف حسسین/ایس این بی) پولیس نے خونخوار بدمعاش سوربھ کے یہاں چھاپہ ماری کر کے دیسی کارباٹن برآمد کیا ہے۔ وہیں پولیس کو چکمہ دے کر جرائم پیشہ سوربھ فرار ہونے میں کامیاب رہا۔ صدر۔2 ڈی ایس پی بھاسکر رنجن نے بدھ کو بروئی بلاک ہیڈکوارٹر احاطہ واقع صدر ڈی ایس پی آفس میں پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ گزشتہ روز منگل کی دوپہر بعد ایف سی آئی تھانہ کے تحت بیٹ جلیل پور گھر پر خونخوار جرائم پیشہ گنر پرینڈ بیٹ وارڈ نمبر 26 گروداس پرنولو باشندہ کیشن سنگھ کا بیٹا سوربھ کمار کسی بڑی واردات کو انجام دینے کے لئے کارباٹن لیکر بیٹھا ہے۔ جس کی اطلاع ملتے ہی ایف سی آئی تھانہ انچارج انجلی کماری، اسسٹنٹ سب انسپکٹر ابھیشیک کمار مسلح فورس کے ساتھ منگل کی دوپہر بعد چھاپہ ماری کر کے پولیس نے گھر کی گھیرابندی کی تو گھر میں بیٹھے خونخوار جرائم پیشہ سوربھ کمار دوڑ کر ریلوے کیبن کی طرف فرار ہو گئے۔ پولیس نے دوڑا کر پکڑنے کی کوشش کی لیکن جرائم پیشہ سوربھ کمار بھاگنے میں کامیاب رہا۔ ایف سی آئی تھانہ انچارج انجلی کماری نے گھر کی تلاشی لی تو چکی پر چھاپے بچھاون کے بیچ ایک دیسی کارباٹن، ایک میگزین اور دو زندہ کارتوس برآمد کیا۔ صدر ڈی ایس پی نو بھاسکر رنجن نے آگے بتایا کہ خونخوار جرائم پیشہ سوربھ کمار پر شراب کا روبار، قتل، فائرنگ، آرمس ایکٹ، لوٹ مار، مار پیٹ کا سمیت معاملے میں ایف سی آئی، چکیا سمیت دیگر تھانہ میں آدھا درجن معاملے درج ہیں۔ پولیس خونخوار جرائم پیشہ سوربھ کمار کی گرفتاری کے لئے مسلسل چھاپہ ماری کر رہی ہے۔ وہیں ایف سی آئی تھانہ انچارج انجلی کماری نے بتایا کہ سوربھ کمار اور اس کا گورو کمار کے خلاف کوئی بھی گواہی دینے کو تیار نہیں ہے۔ اس کی دہشت اس قدر ہے کہ کوئی کچھ بھی بتانے کو تیار نہیں ہے۔ پولیس مسلسل چھاپہ ماری کر رہی ہے۔ اسے جلد ہی گرفتار کیا جائے گا۔ اس کے گروہ کے دیگر ممبران کے خلاف بھی کارروائی کی جارہی ہے۔ اس موقع پر ایف سی آئی تھانہ انچارج انجلی کماری موجود تھے۔

ڈی ایم کی صدارت میں تکنیکی رغیر تکنیکی افسران کے ساتھ جائزہ میٹنگ

منصوبوں پر جلد کام شروع کرکے عوام کو فائدہ پہنچانے کی ہدایت

بہار شریف(ایس این بی) ضلع مجسٹریٹ ششانک شیکھر کی صدارت میں ضلع سطحی افسران (تکنیکی رغیر تکنیکی) کے ساتھ جائزہ میٹنگ ہوئی۔ جائزہ کے دوران متعلقہ محکموں کے افسران کے ذریعہ اپنے اپنے محکموں کی چھوٹی بڑی منصوبوں کے ذریعہ اسٹیڈ یم تعمیر، چھٹھ گھاٹوں کی تعمیر، شہری حلقہ میں پانی کی نکاسی کے لیے بڑے نالوں کی تعمیر، سڑک، چیک ڈیم، پل پلیا، چین، تالاب، بس اسٹینڈ تعمیر، ندی کی صفائی، کمیل عمارت کی تعمیر، اوپن شوٹنگ رینج، گدام کی تعمیر، پانی اسکول کی عمارت، پان کی ٹریننگ، خرید سنٹر، اسٹوریج کی تعمیر، اربن روج سڑک وغیرہ کے متعلق محکمہ کے افسران سے ڈی پی آر سمیت کاغذات مانگے گئے۔ ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ منتخب منصوبوں سے عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ ملے۔ انہیں منصوبوں کو وقت دی جائے۔ ایگزیکیٹو انجینئر بجلی محکمہ کو ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں زرعی کام سے متعلق گریڈ سے زرعی فیڈر گاؤں رٹولوں کو جوڑنے کے لیے پلان تیار کرنا چاہئے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبہ متاثر نہ ہو، منصوبوں کو پورا کرنے کے مقصد سے زمین ایکوائر زمین تنازع کی کارروائی کو حل کرنا یقینی کریں گے۔ اس موقع پر ڈی ڈی سی، ٹاؤن کنشٹر، اسسٹنٹ ایڈیشنل کلکٹر نصحولات/ آفات، خصوصی افسر، خفیہ محکمہ، ضلع ٹرانسپورٹ افسر، ضلع سپلائی افسر، تعلیم، صحت، بھیل افسر سمیت متعلقہ محکموں کے ایگزیکیٹو انجینئر چھوٹی سینچائی، بجلی، عمارت، آر ڈبلیو ڈی، پی ایچ ای ڈی وغیرہ موجود تھے۔

محکمہ تعلیم بی پی او، بی پی ایم اور پرائیویٹ ایجنسی پر لگام لگائے

بلیا بلاک کے مختلف اسکولوں کا اے بی وی پی نے جائزہ لیا

بیگوسرائے(ایس این بی) آل انڈیا ودیارتھی پریشد کے کارکنان کے ذریعہ لگاتار غریب اسکول کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ اسی سلسلے میں آج بلیا کے سیھتانی بانی اسکول، پروجیکٹ گرلس اسکول سمیت کئی اسکولوں کا جائزہ لیا گیا۔ جائزہ کے دوران ریاستی ورکنگ کونسل کے خصوصی مدعو کن اہنیت چودھری نے کہا کہ آج آدھے سے زیادہ اسکول محکمہ تعلیم کے سینئر افسران کے دباؤ میں سرکار کو غلط اعداد سے رہی ہے۔ آدھے سے زیادہ طلبا۔ طالبات کو سرکار کے سائیکل اور پوشاک منصوبے کی رقم نہیں ملتی ہے۔ اسکار شپ کی حالت تو اور بھی بدتر ہے۔ ضلع ایجوکیشن فرنٹ کے ملازم بھی اس مسئلہ کا حل نہیں کر رہے ہیں۔ ایسی حالت میں سرکار کے فلاحی منصوبے عام لوگوں تک نہیں پہنچ پا رہی ہے۔ افسران کے دباؤ میں اسکول انتظامیہ سرکار کو غلط اعداد دے کر آنکھ میں دھول جھونک رہی ہے۔ اس لئے ضلع ایجوکیشن دفتر طلبا۔ طالبات کے ان مسائل کا جلد حل کریں۔ قومی ورکنگ رکن پرشوم کمار نے کہا کہ ضلع کے تقریباً سبھی اسکول بی ایم پی، بی آر پی اور پرائیویٹ ایجنسی کے پریشان ہیں۔ آج حالت یہ ہے کہ نہ تو استاد اور نہ ہی پرنسپل تعلیمی کام میں دلچسپی کے ساتھ ادا کر رہے ہیں۔ پرائیویٹ ایجنسی کی منمانی عروج پر ہے۔ پنچ سپلائی، تھالی سپلائی، سرٹیفکٹ لگانے کے نام پر اور اسکول کے نظام میں دخل دے کر یہ بھی ملازم اپنی دھونس جمانا چاہتے ہیں۔ اس دوران وہ وچیورن کو پریشان کرتے ہیں۔ ضلع مجسٹریٹ اس پر نوٹس لیں اور اس مسئلہ کو جلد حل کریں۔ بلیا کے ٹاؤن وزیر دیانند ھان گیری اور سنجیو کمار جھانے کہا کہ سیھتانی بانی اسکول میں طلبا۔ طالبات کی تعداد ڈھائی ہزار سے زیادہ ہے لیکن کلاس کی تعداد صرف 12 ہیں لیکن یہاں کے پرنسپل اپنی ناکامی چھپانے کیلئے غلط بیانی کرتے ہیں۔ طلبا طالبات کے مسائل کا اظہار کیا ہوا ہے لیکن اس کا حل کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ ودیارتھی پریشد بلیا یونٹ سبھی بلس نوٹ اسکولوں میں پھیلی بدعنوانی کے خلاف زوردار تحریک کرے گا۔ موقع پر ڈنڈاری کے ٹاؤن کمار وزیر دیویش کمار، سوشل میڈیا انچارج دھنیش کمار، پرکاشو رام، رام کمار سمیت کئی کارکن موجود تھے۔

پاٹلی پتر یونیورسٹی کے نئے رجسٹرار پروفیسر نا گیندر کمار جھانے عہدہ سنبھالا

بہار شریف(ایس این بی) پاٹلی پتر یونیورسٹی کے نئے رجسٹرار پروفیسر ناگیندر کمار جھانے عہدہ سنبھال لیا۔ محفلے کالجوں کے اساتذہ اور یونیورسٹی کے افسران کے ذریعہ خوشی کے ساتھ زبردست استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر، ڈاکٹر کرشن نندن پرساد کالج کے انسپکٹر نے بتایا کہ پروفیسر جھانے ماضی میں پٹنہ یونیورسٹی پٹنہ کے کامرس فیکلٹی کے ہیڈ رہنے کے ساتھ متعدد عہدوں پر فائز تھے۔ یونیورسٹی کے انتظامیہ کے کوآرڈینیٹر فیکلٹی آف اسٹوڈنٹ انچارج مالی مشیری طرح بہت ساری اہم ذمہ داریوں کو کامیابی ساتھ نبھایا۔ اس موقع پر، ڈی این کالج کے اساتذہ ڈاکٹر ششی بھوشن کمار نے کہا کہ ان کی آمد کے ساتھ ہی، یونیورسٹی تعلیمی تحقیق اور نئی تعمیر خدمہ پاٹلی پترا یونیورسٹی پٹنہ کے دیگر کاموں کی تیز رفتار سے ایک نئی سٹیج پر پہنچے گی۔

اس موقع پر پروفیسر مدن پرساد، پروفیسر اروند کمار، پروفیسر پرکاش کمار، پروفیسر منی رام پرساد، پروفیسر سورج بھٹ، پروفیسر سوٹی کماری اور پروفیسر اروند نیتل جی نے پھولوں کا گلدستہ پیش کر کے یونیورسٹی نے ان کے نئے عہدہ کے وقاری خواہش کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی ان کی نگرانی میں ایک نئی اونچائی تک پہنچے گا۔

گیا سنٹرل جیل کے قیدی کی ضمانت سے پہلے موت

گھر والوں نے قتل کا الزام لگایا، سڑک جام کر کیا مظاہرہ

گیا(ایس این بی) گیا سنٹرل جیل میں بندقیدی رتن سنہا کی موت ہوگئی۔ جس سے مہلوک کے گھر والے مشتعل ہو گئے اور جم کر ہنگامہ کیا۔ گھر والوں کا کہنا ہے کہ آج اسے خانت ملنے والی تھی، اس سے پہلے ہی اس کی موت کی خبر آ گئی۔ قتل کا معاملہ ہے۔ دوسرے فریق کے لوگوں نے سازش کر کے جیل کے اندر اس کا قتل کروا دیا۔ مہلوک کی شناخت 40 سالہ رتن سنہا کے طور پر ہوئی ہے جو گیا کی ماپور کے کھمن پور گاؤں کا رہنے والا تھا۔ گھر والوں نے اس موت کو قتل بتایا ہے اور کہا ہے کہ جس فریق نے فی جگت کر کے قتل کیا ہے، مشتعل گھر والوں نے اوٹورہ نارائن گدھ میڈیکل کالج میں جم کر ہنگامہ کیا۔ مشتعل لوگوں نے اسٹریچر سمیت اپنی میت کو رکھ کر اوٹو کو زبردستی لے جانے کی بھی کوشش کی۔ پولیس نے انہیں روکنے کی کوشش کی لیکن گھر والے اسٹریچر سمیت لاش لے جانے میں کامیاب رہے اور پھر اسپتال کے میں گیٹ پر لاش رکھ کر سڑک جام کر دیا۔ جس سے آنے جانے والے لوگوں کو کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ اس معاملے میں مہلوک کے بھائی کلسن پور باشندہ کوتم کمار کا الزام ہے کہ میرا بھائی رتن سنہا 15 منٹ سے سیمنٹرل جیل میں بند تھا۔ آج اس کی ضمانت ہونے والی تھی۔ بدھ کے صبح جیل سے فون آتا ہے کہ اس کے بھائی کی طبیعت خراب ہے اور پھر جب وہ کنبہ کے ساتھ اسپتال آتے ہیں تو انہیں بتایا گیا کہ اس کی بھائی کی موت ہو گئی ہے۔ کوتم کا الزام ہے کہ سازش کے تحت قتل کی گئی ہے۔ مہلوک کے بھائی کوتم کمار نے کہا کہ رتن سنہا لین دین کے ایک معاملے میں جیل میں بند تھا۔

اسلحہ، کارتوس وگانجہ کے ساتھ 2 خونخوار جرائم پیشہ گرفتار

بیگوسرائے(ایس این بی) بیگوسرائے پولیس کی بڑی کارروائی میں دو جرائم پیشوں کو بڑی تعداد میں اسلحہ اور گانجہ کے ساتھ گرفتار کیا گیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ صاحب پور کمال تھانہ انچارج رجواڑا گاؤں میں پولیس ٹیم کے ذریعہ گانجہ اسمگلروں کے خلاف کی گئی کارروائی میں 42.326 کلوگرام گانجہ، 65.880 لیٹر دیسی شراب، ایک دیسی کٹا، 14 زندہ کارتوس، ایک موٹر سائیکل اور 118040 روپے نقد کے ساتھ 2 گانجہ اسمگلروں کو گرفتار کیا گیا۔ اس سلسلے میں ایس این پی منیش نے بتایا کہ صاحب پور کمال تھانہ کو خفیہ اطلاع ملی کہ گاؤں رجواڑا واقع سیھان سنہی کے مگھر پر کچھ ہرمانہ جرائم پیشوں کے ذریعہ گانجہ اور غیر قانونی شراب کی خرید وفروخت کا کام کیا جارہا ہے۔ موصولہ

اطلاع کو پولیس انسپکٹر کو دیا گیا اور ہدایت کے مطابق فوراً سب ڈویژنل پولیس افسر بلیا کی قیادت میں سرکل افسر صاحب پور کمال، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس دانشوکمار، پولیس سب انسپکٹر راگھوکمار سنگھ، پولیس سب انسپکٹر سشما رانی، بریجا نندکمار اور مسلح فورس صاحب پور کمال تھانہ کے ذریعہ فوری اطلاع کے مطابق گاؤں رجواڑا واقع سیھان سنہی کے گھر کے پاس چیکنگ کرکر کی کارروائی کرتے ہوئے 2 مشتبہ افراد کو پکڑا گیا۔ پوچھ گچھ کے بعد اپنا نام لکھمن سنہی ولد چندردیو سنہی ساکن شرون نگر وارڈ نمبر 18 ضلع سمٹی گوڑی اور دوسرا بجیت پورا ولد مہندر پورا رساسن رجواڑ تھانہ صاحب پور کمال ضلع بیگوسرائے بتایا۔ فوراً خاطی لینے پر سیھان سنہی کے گھر سے 25 پیکٹ میں تقریباً 42.326 کلوگرام گانجہ، 65.880 لیٹر غیر قانونی شراب، ایک دیسی کٹا، 14 زندہ کارتوس، ایک موبائل اور 118040 روپے کیش برآمد کے گئے۔ اسے ضبط کر کے دونوں مجرموں کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق مزید کارروائی کی جارہی ہے۔

منشیات اور اسمگلنگ کے خلاف بچوں کے ذریعہ نکڑ ناٹک کا انعقاد

بہار شریف(ایس این بی) منشیات کے استعمال اور اسمگلنگ کے خلاف عالمی یوم بیداری کے موقع پر ضلع کے تمام مڈل/ سیکنڈری/ اپ گریڈ ہیگ سیکنڈری اسکولوں میں محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا آغاز

اسکولوں نے اپنے تغذیہ حلقوں میں پرچات پھیری نکال کر کیا۔ اس دوران بچوں نے بڑی تعداد میں شرکت کرکے منشیات کے غلط استعمال کو بیزار تھتی اور نوجوانوں کے ذریعہ بتایا۔ اس سلسلے میں اسکول کے بچوں نے ایک نکڑ ڈرامہ کا انعقاد کر اس کے مضر اثرات اور برائیوں کو دکھا کر بیداری پھیلانے کا کام کیا۔ اسکولوں میں رنگولی کے ذریعے اس موضوع پر پیغام دینے کا کام کیا گیا، بچوں کے لیے پینٹنگ اور ڈرائنگ، مباحثے اور کوئز مقابلے منعقد کیے گئے۔ اسکولوں کی جانب سے مختلف مقابلوں میں اول، دوم، سوم اور طلبا پر تمل بخش انعامات تقسیم کیے گئے۔

سڑک کی مانگ پر گاؤں والوں نے قومی شاہراہ 83 کو جام کیا

مخدوم پور(ایس این بی) بلاک کے تحت ٹیملی بیگہ اور خونی کھات گاؤں کے لوگوں نے مخدوم پور میں این ایچ 83 کو جام کر دیا۔ دونوں گاؤں کے کافی تعداد میں لوگ مخدوم پور بازار پٹیلہ موڑ پر پہنچے۔ لوگ سڑک پر بیٹھ کر نعرے بازی کرنے لگے۔ خبر ملنے پر مخدوم پور تھانہ انچارج انسپکٹر راج کمار سنگھ موقع پر پہنچے اور لوگوں کو سمجھانے کی کوشش کی۔ لوگ گاؤں میں سڑک تعمیر کا مطالبہ کر رہے تھے۔ لوگوں کا کہنا تھا کہ سڑک تعمیر عمل چل رہا ہے لیکن بیچ کے کچھ گاؤں والوں کے ذریعہ تعمیری کام میں رخنہ پیدا کیا گیا۔ تھانہ انچارج کے سمجھانے کے بعد لوگ جام کو ختم کر دیا۔ ماہی سے لوگ سرکل آفس کے پاس پہنچے اور دھرنا پر بیٹھ گئے۔ اس اور ٹریفک اپاہجیا کے سمجھانے کے بعد لوگ واپس لوٹے۔ اس درمیان سڑک قریب ایک گھنٹے تک جام رہا۔ امتحان ہونے کی وجہ سے دونوں طرف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی۔

ڈی ایم کے جنتا دربار میں 16 معاملوں پر سماعت

متعلقہ معاملوں کے حل کیلئے افسران کو ضروری ہدایات



بہار شریف(ایس این بی) جنتا دربار میں ضلع مجسٹریٹ ششانک شیکھر نے آج 16 لوگوں کے مسائل سنے اور متعلقہ محکمہ کے افسران کو مسائل کے حل کے لیے ضروری ہدایات دیں۔ درخواست گزار نے ذریعہ بتایا کہ گڈی پل پنچ کرونسٹرن نیوب ویل کھولنے سے متعلق معاملہ کو ضلع مجسٹریٹ نے اسسٹنٹ ایگزیکیٹو انجینئر، مائنر اریگیشن ڈویژن، بہار شریف، نالندہ کو متعلقہ مسائل کو حل کرنے کی ہدایت دی۔ درخواست گزار کی جانب سے بتایا گیا کہ ہڑوت بلاک کے بستی گاؤں میں پنچایت کی عمارت کی حالت خستہ ہے۔ اسے ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔ متعلقہ معاملہ کو ضلع مجسٹریٹ نے ضلع پنچایت افسر/ نالندہ کو مسئلہ کو حل کرنے کی ہدایات دیں۔ دیگر درخواست بھی متعلقہ محکمہ کے افسران کو بھیجی گئیں اور ان کے حل کے لیے ضروری ہدایات دی گئیں۔ متعلق معاملہ کو حل کرنے کے لیے ضلع مجسٹریٹ نے سرکل افسر راجگیر اور تھانہ انچارج راجگیر کو ہدایت دی۔ پرولیو بلاک کے درخواست گزار کی طرف سے بتایا گیا کہ میرے والد کے انتقال کے بعد دونوں بھائیوں کے نام پر ڈھائی بیگھا زمین کی فائنگ کو غلط طریقے سے مسترد کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے افسر انچارج، ضلع ریونیو برانچ، نالندہ کو مسئلہ کو حل کرنے کی ہدایات دیں۔ دیگر درخواست بھی متعلقہ محکمہ کے افسران کو بھیجی گئیں اور ان کے حل کے لیے ضروری ہدایات دی گئیں۔

نیشنل لگوری چیمپئن شپ میں بکھری کی دو بیٹیاں منتخب

28-30 جون کو مختلف ریاستوں کی ٹیم میں مقابلہ، گاؤں میں خوشی کا ماحول

بکھری (ایس این بی) بیٹیاں آج کسی بھی شعبے میں پیچھے نہیں رہ رہی ہیں، بکھری کی دو بیٹیاں اپنی کھیلوں کی صلاحیتوں کی طاقت پر ریاست سطحی ٹیم میں منتخب ہوکر نیشنل لگوری چیمپئن شپ میں حصہ لیں گی۔ جہاں مہاراشٹرا کے رتناگیری میں 28-30 جون تک ہونے والے اس چیمپئن شپ میں ملک کے مختلف ریاستوں کی ٹیم سے مقابلہ ہوگا۔ دیہی ماحول میں پلی بڑھی بکھری بلاک کے چک حمید پنچایت کے تحت کھڑگ چک باشندہ نارائن کھیا کی بیٹی کنچن کماری اور کیشن لال کھیا کے بیٹی ملیکھ کماری کو ریاست سطحی ٹیم میں منتخب ہونے پر علاقے کے لوگوں میں خوشی کا ماحول ہے۔ دونوں طالبات نے اپنی کامیابی کا سہرا اپنے کنبہ کو دیا۔ لگوری ایسوسی ایشن آف بہار کے سکریٹری رندھیر کمار نے منتخب طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ لگوری اب ایک قومی کھیل کے طور پر شناخت قائم کر چکی ہے۔ جونیئر ٹیم ہندوستان کے ایما چوبے لگوری ایسوسی ایشن کے انچیس کے تحت مہاراشٹرا سٹیٹ لگوری ایسوسی ایشن کے ذریعہ دو دن لگو چیمپئن شپ میں پہلی بار قومی مقابلے میں حصہ لینے جارہی ہے۔ اس کی کارکردگی کے ساتھ، بہار یقینی طور پر چیمپئن شپ میں سب سے اول آئے گی۔ کھلاڑیوں کو لگوری کا ٹریننگ دینے والے مقامی کیچر نیرج کمار کا کہنا ہے کہ دیہی علاقوں میں کھیلوں کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ بس ہمیں وقتاً فوقتاً ان کی حوصلہ افزائی کرنے کی ضرورت ہے۔ دیہی علاقوں میں، آج بھی، جہاں لڑکیاں گھروں سے باہر نہیں آتی ہیں، ان لڑکیوں نے قومی ٹیم میں جگہ بنائی ہے اور پورے گاؤں کا نام روشن کیا ہے۔

خضر سرائے میں پھلگو ندی سے عورت کی لاش برآمد

جہیز کا مطالبہ پورا نہیں ہونے سے سسرال والوں پر قتل کا الزام

نوادہ(ایس این بی) بیتا مرھی تھانہ حلقہ کے مگلی بیلداری گاؤں میں قتل کے بعد غائب کی گئی عورت پر پینکا کماری کی لاش گزشتہ رات گیا ضلع کے خضر سرائے تھانہ حلقہ کے خضر سرائے کے قریب پھلگو ندی سے برآمد کرلی گئی۔ ندی سے بالو اٹھاؤ کے درمیان لاش کو برآمد کیا گیا۔ اس کی چاکاری ملنے پر خضر سرائے تھانہ کی پولیس وہاں پہنچی اور لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے گدھ میڈیکل اسپتال گیا بھیج دیا گیا۔ لاش ملنے کی اطلاع پر مقتول کے والد ضلع کے کاتر ریج تھانہ حلقہ کے مبارک تیج پورا باشندہ مانا چوہان سمیت دیگر رشتہ دار وہاں پہنچے اور لاش کی شناخت کی۔ ادھر خضر سرائے تھانہ انچارج نکھیل رام نے بتایا کہ لاش کو پوسٹ مارٹم کے بعد رشتہ داروں کو سونپ دیا گیا ہے۔ واردات سے متعلق ایف آئی آر بیتا مرھی تھانہ میں درج ہے۔ واضح ہو کہ مقتول کے والد نے بیتا مرھی تھانہ کو پولیس پر معاملے میں لاپرواہی برتنے کا الزام لگایا ہے۔ ساتھ ہی کہا کہ تھانہ پہنچنے پر ڈاٹ پھٹکار کر کے بھگانے کی کوشش کی جاتی رہی۔ خضر سرائے جانے کے بعد بغیر تفتیش کے بیتا مرھی تھانہ کی پولیس چیک واپس لوٹ گئی۔ انہوں نے پولیس پر صحیح طریقے سے کارروائی نہیں کرنے کا الزام لگایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیتا مرھی تھانہ کی پولیس نہ لاش پر کارکرسکی اور نہ ملزمان کو گرفتار کرسکی۔ وہیں پولیس کا کہنا ہے کہ لاش برآمد کرلیا گیا ہے۔ رشتہ داروں کے ذریعہ لاش کی شناخت کے بعد گیا میڈیکل کالج میں پوسٹ مارٹم کرایا گیا ہے۔ رشتہ داروں نے گیا کے وشنو پد میں مقتول کی آخری رسوم ادا کر دی گئی ہے۔ ملزمین کی گرفتاری کے لیے چھاپہ ماری کی جارہی ہے۔ مقتول کے والد نے بیتا مرھی تھانہ کو بتایا کہ پرینکا کماری کے قتل کے لاش کو غائب کر دیئے جانے کی ایف آئی آر درج کرائی گئی۔ جس میں داماد اور مگلی بیلداری گاؤں باشندہ بابل کمار خضر مقتلیش چوہان سمیت چار لوگوں کو ملزم بنایا گیا تھا۔ والد کا کہنا ہے کہ بدھ کی رات پرینکا کا قتل کر دیا گیا۔ اس کے بعد ثبوت کو چھپانے کے لیے لاش کو غائب کر دیا گیا۔ قادر گنج تھانہ کے مبارک پور اتیج پورا باشندہ مانا چوہان نے بتایا کہ بیٹی پرینکا کماری کی شادی جون 2023 میں بیتا مرھی تھانہ حلقہ کے مگلی بیلداری باشندہ مقتلیش چوہان کا بیٹا بابل کمار کے ساتھ ہوئی تھی۔ شادی کے بعد سسرال والے پرینکا کو اذیت دے رہے تھے اور جہیز کے طور پر پانچ لاکھ روپے کا مطالبہ کیا جارہا تھا۔ روپے نہیں دینے پر اس کے ساتھ مار پیٹ کی جاری تھی۔ آخر کار رات کو اس کا قتل کر کے لاش غائب کر دی گئی۔

मौलाना मज़हरुल हक़ अरबी एवं फ़ारसी विश्वविद्यालय, पटना (बिहार)
مولانا مظہر الحق عربی و فارسی یونیورسٹی، پٹنہ (بہار)
Maulana Mazharul Haque Arabic & Persian University
PATNA - 800 005, Ph. No.: 0612-2385233, Email: registrar-mmhu-bih@nic.in
ज्ञान संसाधन केन्द्र (KRCs) के लिये आवेदन आमंत्रित है।
नये ज्ञान संसाधन केन्द्रों (KRCs) के लिये योग्य शैक्षणिक संस्थानों से 10 जुलाई 2024 तक आवेदन आमंत्रित किये जाते हैं। आवेदन प्रपत्र एवं मार्ग निर्देशिका विश्वविद्यालय मुख्यालय मीठापुर फार्म एरिया, मीठापुर, पटना की कार्यालय अवधि में रू. 5000/- (पांच हजार रूपये मात्र) अदा करके प्राप्त किये जा सकते हैं। आवेदन प्रपत्र, मार्ग निर्देशिका एवं पाठ्यक्रम संबंधी अन्य सूचनायें विश्वविद्यालय के Website: www.mmhapu.ac.in पर भी उपलब्ध है।
कर्नल कामेश कुमार
कुलसचिव